6254-جنت میں داخل ہونے کے لیے شادی کی شرط

سوال

میں نے سنا ہے کہ اگر مسلمان شخص شادی نہ کرے تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا، کیا یہ صحیح ہے، اور اگر صحیح ہے تو کس بنیاد پر؟
میرے خیال میں اس کا سبب حرام جنسی تعلقات سے اجتناب ہے، اور یہ سبب تو باقی ادیان میں بھی مشترک ہے، لیکن میں آخری پوائنٹ معلوم کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ: کیا یہ ممکن نہیں کہ وہ شادی شدہ بھی نہ ہو لیکن اس کے باوجود وہ ایک متقی اور پرہیزگار شخص ہو؟

پسندیدہ جواب

دین اسلام جنت میں داخل ہونے کے لیے شادی کی شرط نہیں لگاتا، لیکن جب انسان کو حرام میں پڑنے کا خدشہ ہو تو پھر شادی کرنا ضروری ہے، اور اگر وہ اس حالت میں شادی نہیں کرتا تو غلطی پر ہے۔

اور سوال میں دوسرے حصہ کی مناسبت سے گزارش ہے کہ شادی کے بغیر بھی شخص متقی و پرہیزگار ہوسکتا ہے لیکن یہ بہت ہی نادر ہے، اور اگر مرد و عورت میں سے کوئی بھی شادی نہیں کرتا تو غالبا یا تو وہ شادی کرنے سے عاجز ہوتا ہے، یا پھر بدکار جیسا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے شادی نہ کرنے والے ایک شخص کو فرمایا تھا:

"تجھے شادی سے یا تو فسق و فجور روک رہا ہے یا پھر تم شادی کرنے سے عاجز ہو"

بہر حال اسلام شادی کرنے کی ترغیب دلاتا ہے اور اسے رسولوں کی سنت شمار کرتا ہے، اور ترک نکاح اور شادی نہ کرنے کو صحیح نہیں سمجھتا چاہے یہ عبادت کے لیے فارغ ہونے کے لیے کیا جائے کیونکہ فرمان ہے:

"اسلام میں رہبانیت نہیں ہے"

واللہ اعلم.